اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی KDA کرک

شاندار نیلام عام

اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی کرک ٹاؤن شپ سکیم (کے ڈی اے) میں بہترین سہولیات کے ساتھ رہائشی پلاٹس (مالکانہ حقوق پر) بمورخہ 04/11/2026 بروز بدھ صبح 11:00 بجے کو نیلامی کا ارادہ رکھتی ہے۔ نیلامی میں حصہ لینے کے لئے کال ڈیپازٹ کسی بھی بنک سے بنوا سکتے ہیں رہائشی پلاٹس کے لئے مبلغ -/3,00,000 روپے فی پلاٹ مورخہ 04/11/2026 تک بنام ڈائریکٹر یو اے ڈی اے کرک نیلامی سے قبل جمع کروانا ہوں گے۔ جو کہ ناکامی کی صورت میں واپس کئے جائیں گے۔

۱۔ رہائشی پلاٹس

نمبر شمار	سائز آف پلاٹس	پلاٹ نمبر	پلاٹوں کی تعداد	کیفیت
۱	03-مرلہ	50, 51, 52, 53, 54, 55, 56, 70, 71, 72, 73, 74, 75, 76 and 77	15	مالکانہ حقوق
		کل پلاٹس	15	

ملکیتی بنیاد پر رہائشی پلاٹوں کی نیلامی کے لیے درج ذیل شرائط وضوابط لاگو ہوں گے۔

۱۔ ہر وہ پاکستانی جس کے پاس غیر تنسیخ شدہ شناختی کارڈ ہو نیلامی میں شرکت کے لیے بولی دہندہ کو -/300,000 (صرف تین لاکھ) روپے ہر ایک پلاٹ کے لیے بطور سیکیورٹی کال ڈیپازٹ کی شکل میں یو اے ڈی اے کرک کے ڈائریکٹر کے نام نیلامی سے پہلے جمع کرانے ہوں گے، بصورت دیگر، کسی بھی بولی لگانے والے کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ نیلامی کو حتمی شکل دینے کے بعد ناکام بولی دہندگان کو جمع شدہ سیکیورٹی کی رقم واپس کی جائے گی۔

۲۔ ہر وہ شخص جو نیلامی میں دوسرے اشخاص کے ساتھ مشترکہ بولی دینے کا خواہشمند ہو۔ اسے چاہیے کہ وہ ان اشخاص کی طرف سے نیلامی میں حصہ لینے کے لئے ایک باقاعدہ مختیار نامہ حاصل کرے اور زرضمانت کے ہمراہ ہاؤسنگ آفیسر کے آفس میں جمع کرائے اس طرح فرم/ کمپنی/ ایسوسی ایشن اور دیگر اداروں کو بھی بولی دینے سے قبل اس قسم کا مختیار نامہ داخل کرنا ہوگا۔

۳۔ ہر پلاٹ کے لئے زرضمانت علیحدہ علیحدہ پیش کیا جائے گا۔ اور ہر پلاٹ کی نیلامی علیحدہ علیحدہ ہوگی۔

۴۔ کسی دوسرے شخص کی نمائندگی کرنے والے بولی دہندہ کو نیلامی کی کارروائی میں حصہ لینے سے پہلے اپنے حق میں باضابطہ طور پر مصدقہ مختار نامہ / اتھارٹی لیٹر پیش کرنا ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو سات دنوں کے اندر UADA کرک کے ڈائریکٹر کے نام بینک ڈرافٹ کی شکل میں مجاز اتھارٹی کی طرف سے کامیاب قرار دی گئی بولی کے پچیس فیصد (25%) رقم جمع کرانا ہوگی۔ ناکامی کی صورت میں، بولی منسوخ کر دی جائے گی اور سیکیورٹی کی رقم اتھارٹی کے حق میں ضبط کر لی جائے گی۔

۶۔ بولی کی رقم کے پچیس فیصد (25%) کی وصولی کے بعد، اتھارٹی ایک ہفتے کے اندر کامیاب بولی دہندہ کو ایک الاٹمنٹ لیٹر جاری کرے گا جس میں اسے ایک ماہ کے اندر باقی رقم اسی طریقے سے جمع کرنا ہوگی۔

۷۔ اگر کامیاب بولی دہندہ مقررہ ایک ماہ کے اندر بقیہ رقم جمع کرنے میں ناکام ہوا، تو پوری بولی کا ایک فیصد (1%) ماہانہ سرچارج چارج کیا جائے گا۔

۸۔ اگر کامیاب بولی دینے والا بقیہ رقم اور سرچارج نوے (90) دنوں کی مدت تک جمع کرانے میں ناکام ہوا، تو بولی منسوخ کر دی جائے گی اور بولی کی رقم اور سیکیورٹی ڈیپازٹ اتھارٹی کے حق میں ضبط کر لی جائے گی۔

۹۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم کے علاوہ، فیس یا ٹیکس، اگر کوئی ہو تو، متعلقہ قوانین کے تحت متعلقہ محکمے کو براہ راست ادا کرنا ہوگا۔ واجب الادا فیس یا ٹیکس جمع کرنے میں ناکامی کی صورت میں الاٹمنٹ کی منسوخی ہو سکتی ہے۔

۱۰۔ پلاٹ کا قبضہ کامیاب بولی لگانے والے کو مکمل ادائیگیوں/ ٹیکس کی وصولی کے بعد ہی حوالے کیا جائے گا۔

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ/ الاٹی اتھارٹی اور ایکٹ کے ذریعہ نافذ کردہ وقت کے لئے قواعد/ ضابطے/ ضمنی قوانین کی پابندی کرے گا۔

CamScanner

۱۲۔ کامیاب بولی دہندہ اتھارٹی کے ساتھ اپنے مجاز نمائندہ کے ذریعے پراپرٹی کا قبضہ لینے سے پہلے فروخت کا معاہدہ (Sale Agreement) کرے گا۔ Sale Agreement یہاں بیان کردہ شرائط وضوابط پر مبنی ہوگا۔ڈرافٹ یاSale Agreement کی ایک کاپی کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی منظوری کے خط کے ساتھ فراہم کی جائے گی۔ بولی کی مکمل رقم کی ادائیگی کے بعد، کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی منظوری کا خط جاری ہونے کے سات دنوں کے اندر، اسٹامپ ایکٹ، 1899 کے تحت قابل اطلاق اسٹامپ ڈیوٹی والے اسٹامپ پیپرز پر پرنٹ شدہSale Agreement جمع کرانا ہوگا۔

۱۳۔ ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے باقی تمام بولی دہندگان کی زرضمانت نیلامی کے بعد دفتر سے واپس کی جائے گی۔جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی زرضمانت 25% ادائیگی میں شمار کی جائے گی۔بولی سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زرضمانت بحق محکمہ کے ڈی اے ضبط تصور ہوگی۔

۱۴۔ کامیاب بولی دہندہ کو مروجہ قانون کے تحت پلاٹ منتقل کرنے کی اجازت ہوگی۔

۱۵۔ نیلامی کمیٹی کو اختیار ہوگا۔کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نامنظور یا جملہ نیلامی منسوخ کردے۔

۱۶۔ نیلامی کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا۔کہ وہ جس ترتیب سے چاہے رہائشی پلاٹس نیلام کردے۔

۱۷۔ مکان کا مالک تمام سرکاری ڈیوٹیوں اور وقتاً فوقتاً لگائے گئے ٹیکسوں کی بروقت ادائیگی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۸۔ پلاٹ کا مالک منظور شدہ نقشے سے ہٹ کر کوئی اضافہ یا تبدیلی نہیں کرے گا۔

۱۹۔ پلاٹ کے مالک کی طرف سے کسی خلاف ورزی کی صورت میں، متعلقہ اتھارٹی کا ہاؤسنگ آفسر اس کے ازالے کے لیے نوٹس جاری کرے گا۔ پلاٹ کے مالک کسی بھی ناقص یا خلاف ورزی کی اصلاح کے لیے ضروری اقدامات کرنے کے بعد سات دن کے اندر اتھارٹی کو مطلع کرے گا، بصورت دیگر متعلقہ اتھارٹی اصلاحی کارروائی کے لیے آزاد ہوگی۔

۲۰۔ اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی کرک اور پلاٹ کے مالک کے درمیان کسی تنازعہ کی صورت میں مینجنگ ڈائریکٹر یا اس کا نامزد کردہ افسر، واحد ثالث کے طور پر کام کرے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اس فیصلے کو فریقین میں سے کسی کی طرف سے چیلنج نہیں کیا جائے گا۔

۲۱۔ پلاٹ کا مالک پلاٹ پر مکان صرف دفتر (UADA) کے ڈرائنگ اور ڈیزائن کے مطابق تعمیر کرے گا اور دفتر ھذا کا ٹیکنیکل سٹاف اس کی Supervision کرے گا۔

۲۲۔ نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار ڈائریکٹر یو اے ڈی اے کرک کو حاصل ہوگا۔نیز انہیں یہ بھی اختیار ہوگا۔کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نامنظور یا پوری نیلامی منسوخ کردے۔

ہاؤسنگ آفیسر

اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی کرک

ہاؤسنگ آفیسر: 03018075721

ہاؤسنگ آسسٹنٹ: 03357396258, 03319274298

CamScanner